7840 ـ سود ختم کرنے کے لیے بنك کو ادائیگی میں ٹال مٹول سے کام لینا

سوال

سود پر قرض حاصل کردہ قرض میں سے اگر سات برس تك کچھ بھی ادا نہ کیا جائے تو قرض (یعنی بنك کا نظام ہے کہ اسے مایوس قرضوں میں شامل کرتے ہوئے) کی واپسی کا مطالبہ ترك کردیا جاتا ہے، اور اگر اب اس کی ادائيگی شروع کردی جائے تو وہ سود کا مطالبہ بھی کرینگے، لیکن اگر سات برس تك انتظار کرے تو وہ اس قرض پر سود کے مطالبہ کو ترك کرتے ہوئے صرف اصل مال کا مطالبہ ہی کرینگے، تو کیا کسی شخص کے لیے ایسا کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ جناب محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا گیا تو ان کا جواب تھا:

اگر سات برس تك اس کی ادائیگی میں ان کے ساتھ ٹال مٹول سے کام لیتا رہے، کہ وہ اس سے صرف اصل مال ہی واپس لیں گے تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں .